لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم شعبان ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۳ مئی ۱۹۱۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ ابوالحسن محرر	۱
۲	رخصت منشی سلطان احمد مینائی	۲
۳	״ انجینیر صاحب برقی روشنی	״
۴	مستقلی حشمت علیخاں گرداور	״
۵	توسیع ملازمت اشخاص ملٹری جدید	״
۶	رخصت صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر	״
۷	״ منشی فیاض علیخاں پیشکار عدالت جج	״
۸	״ منشی سعید الدین خاں پیشکار عدالت اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر	״
۹	״ صاحبزادہ سید علی ظفر خاں صاحب مجسٹریٹ بہادر	״
۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم

اضافہ

۶ مئی ۱۹۱۸ء

حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب پریس اخبار ابوالحسن محرر اخبار ... بارہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکرٹری بہادر
رخصت

۱۱ مئی ۱۹۱۹ء

رخصت نو یوم منشی سلطان احمد خاں نائب مہتمم اجلاس ہمایوں بذمہ داری منشی سید ذاکر علی نائب مہتمم اجلاس ہمایوں منظور فرمائی گئی ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
رخصت

۱۰ مئی ۱۹۱۹ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم رخصت دو ماہ انجینئر صاحب برقی روشنی بوجہ نکلنے ڈنبل ڈہیٹ بانچارجی محمد ماجد علی خاں صاحب اسسٹنٹ انجینئر برقی روشنی منظور ہوئی ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
مستقل

۱۳ مئی ۱۹۱۹ء

حشمت علی خاں گرداور نے مدت امتحانی چھ ماہ میں کام اچھا انجام دیا لہذا حسب سفارش تحصیلدار صاحب ٹانڈہ و رپورٹ نائب صاحب مہتمم بندوبست مستقل کیے گئے ۔

توسیع ملازمت

۱۰ مئی ۱۹۱۹ء

بمقصد ویکسین سنٹری بذیل تفصیل تحت جو ناوا پسی فرسٹ بٹالین از میدان جنگ یکم ستمبر ۱۹۱۸ء کو ملازم رکھے گئے تھے وہ حسب منظوری اجلاس ہمایوں مرقومہ ۵ مئی ۱۹۱۹ء تا اختتام جنگ مستوفی ملازم رہینگے لیکن ان سپاہیوں کی جگہ پہلے ہی تخفیف کر دی گئی تھی ۔

ہیڈ کانسٹیبل ۔	کانسٹیبلان
۲۰	۰۰

رخصت

۹ مئی ۱۹۱۹ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم رخصت دو ہفتہ صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکرٹری بہادر بیکار کردگی ناظم صاحب و حکم صاحب صدر منظور ہوئی ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۷ مئی ۱۹۱۹ء

منشی فیاض علی خاں پیشکار عدالت ججی کی رخصت ماتی دو ماہ حسب درخواست انکی ۱۱ مئی سنہ حال سے منظور کیجاتی ہے منشی آقا نواب پیشکار عدالت آنریری مجسٹریٹ صاحبان تا واپسی رخصت پیشکار عدالت ججی میں پیشکاری کا کام کریں ۔ عدالت آنریری مجسٹریٹ صاحبان میں چنداں دائرہ مقدمات نہیں ہے جس میں کوئی حرج ہو وہاں پر ایک اہلمد جو ہے وہی پیشکاری کا کام کرے گا ۔ لہذا حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ فقط

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۷ مئی ۱۹۱۹ء

منشی محمد سعید الدین خاں پیشکار عدالت اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول تین ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ چاہتے ہیں ڈاکٹری سارٹیفکیٹ بھی شامل ہے لہذا ان کی رخصت تین مہینہ کی ۱۷ مئی سنہ حال سے بلا تنخواہ منظور ہے ۔ ایام رخصت پیشکار مذکور میں شکیل احمد اہلمد پیشکاری کا کام کریں گے اور دس روپیہ ماہوار الاونس ان کو دیا جائیگا ۔ اور اہلمد کور کی جگہ شبیر علی خاں اپرنٹس عدالت اسسٹنٹ مجسٹریٹ کام کرے اور دس روپیہ الاونس اسکو دیا جاوے ۔ لہذا حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ فقط

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
رخصت

۸ مئی ۱۹۱۹ء

صاحبزادہ سید علی مظفر خاں بہادر مجسٹریٹ درجہ اول کو رخصت ایک ہفتہ بغرض حج جانے دیہات حسب منظوری اجلاس ہمایوں دی گئی کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کر دیں گے ۔